# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**
**Date : 19-August-2026**
**Time : 07:40 PM**

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے
خبروں کا بلیٹن لیکر میں شبیر احمد
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

**ہیڈلائنز**

✓ ۱ ۔۔۔۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا بھارتی یونیورسٹیوں پر تحقیق، اختراعیت اور کارخانہ داری کی طرف توجہ مرکوز کرنے پر زور۔

✓ ۲ ۔۔۔۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا شہر سرینگر کے مختلف علاقوں کا دورہ // ترقیاتی منظر نامے کا لیا تفصیلی جائزہ۔

✓ ۳ ۔۔۔۔ بھارت میں امریکہ کے سفیر **Sergio Gor** جموں کشمیر کے دورے پر پہنچے سرینگر

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی صدرارت میں مرکزی کابینہ کی میٹنگ منعقد۔

لیفٹیننٹ گورنر میٹنگ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے تعلیم کو یونیورسٹیوں، سماج اور پورے قوم کیلئے ایک طاقتور سرمایہ کاری قرار دیا ہے۔آج جموں میں شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے 23 ویں یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ غیر ملکی یونیورسٹیاں اختراعیت اور تحقیق کے ذریعے سے کامیابی کے ساتھ پیسہ کما رہی ہیں۔

انہوں نے بھارتی یونیورسٹیوں پر زور دیا کہ وہ تحقیق، اختراعیت اور کارخانہ داری پر توجہ مرکوز کر کے اسی طرح کی بلندیوں کو چھو لیں۔ انہوں نے تعلیم اور تحقیقی شعبے میں شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کی حصولیابیوں کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی یونیورسٹی کی کامیابی کا راز اس کے موجودہ طلبا اور فارغ التحصیل طلبا پر منحصر ہوتا ہے۔

..... LG Byte .......

امریکی سفیر

بھارت میں امریکہ کے سفیر **Sergio Gor** آج جموں وکشمیر کے دورے پر سرینگر پہنچ گئے ہیں۔ سرینگر پہنچنے کے بعد انہوں نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی۔ بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ وادی کا دورہ کرنے پر مطمئن ہیں۔ انہوں نے جموں وکشمیر کو بھارت کا ایک اہم حصہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہاں بہت سے شعبوں میں کافی ترقی ہوئی ہے۔ سفیر موصوف نے کہا کہ چونکہ مرکزی سرکار اور مقامی حکومت کی کوششوں سے سلامتی کی صورتحال بہتر ہوئی ہے لہٰذا اب امریکی ایڈوائزری میں تخفیف ہونی چاہیئے۔

....... Sergio Gor .......

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے امریکی سفیر کے ساتھ بات چیت کو کافی سودمند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملاقات کے دوران بھارت امریکہ کے مابین موجودہ اور مستقبل کی شراکت داری پر توجہ مرکوز رہی۔

....... CM .......

منوج سنہا

دریں اثنا لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا، جو شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے چانسلر بھی ہیں، کی صدارت میں ککریال کٹرہ میں شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے ایگزیکٹو یو کونسل کی 37 ویں میٹنگ بھی منعقد ہوئی جس دوران کئی پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی۔

میٹنگ میں یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر پرگتی کمار نے یونیورسٹی میں داخلے، تدریس، تحقیق اور تقرریوں سے متعلق تفصیلی خاکہ پیش کیا۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے آج شہر سرینگر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے یہاں عملائے جارہے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے سب ڈسٹرکٹ ہسپتال حبک کا دورہ کیا جس پر ایک لمبے عرصے سے کام رکا ہوا تھا۔وزیراعلیٰ نے اس پروجیکٹ میں سرعت لانے کی ہدایات دیں۔

انہوں نے بربرشاہ سرینگر میں پُل کی تعمیر اور مومن آباد سرینگر میں وہیکل انڈرپاس کیلئے مجوزہ سائٹ کا معائینہ کرنے کے علاوہ پارمپورہ شالہ ٹینگ فلائی اُوَر کے مجوزہ مقام کا بھی دورہ کیا۔

عمر عبداللہ نے سکمز میڈیکل کالج بمنہ میں زیر تعمیر نئے ہسپتال بلاک کا بھی معائنہ کیا۔ترقیاتی کاموں کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے کے بعد میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا۔

**...... CM Byte .......**

وزراء

اس موقعے پر نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری ، وزیر صحت سکینہ ایتو، وزیراعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور مختلف محکموں کے کئی اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

جاوید رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے پونچھ ضلعے کے مینڈھر حلقے میں پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کے تحت دیہی سڑک رابطوں کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔سیول سیکریٹریٹ جموں میں آج ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے حلقے میں درِدست لئے گئے سڑک پروجیکٹوں کا جائزہ لینے کے دوران ان کی بروقت تکمیل پر زور دیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر کے سالانہ بجٹ کو یونائیٹڈ نیشنز ڈیولپمنٹ پروگرام کے تقاضوں کے مطابق دیرپا ترقیاتی اہداف کے ساتھ ہم آہنگ کرنے سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔چیف سیکریٹری نے محکمہ منصوبہ بندی کو ہدایت دی کہ وہ یو این ڈی پی ٹیم کے ساتھ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے اہداف کی حصولیابی کو یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا کہ مستحقین کی نشاندہی کرکے اسکیموں کی مؤثر عمل آوری کی طرف بھی توجہ دی جانی چاہئے۔

بی جے پی

پردیش بی جے پی صدر ست شرما اور ایم ایل اے چودھری وکرم رندھاوا نے آج پارٹی ہیڈکوارٹر ترکوٹا نگر جموں میں عوامی مسائل کی سماعت کے ایک پروگروام کے دوران لوگوں کے مسائل کو مطالبات سنے۔اس موقعہ پرست شرما نے نیشنل کانفرنس سرکار پرنا کام ہونے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی مضبوطی سے لوگوں کے ساتھ کھڑی ہے۔اسی دوران سینئر بی جے پی لیڈر اور ممبر پارلیمنٹ غلام علی کھٹانہ نے بینکنگ سیکٹر کو مزید مستحکم کرنے کی غرض سے مرکزی سرکار کی کاوشوں کی ستائش کی ہے۔ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا کہ ان اقدامات سے پبلک سیکٹر بینکوں کی مالی حالت کافی بہتر ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال **2025-26** کے دوران ان بینکوں نے ایک لاکھ **98** ہزار کروڑ روپے کا خالص منافع کمایا ہے۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری اور راجیہ سبھا ممبر چودھری محمد رمضان نے پارٹی کارکنوں اور لیڈروں پر زور دیا ہے کہ وہ عوام کے ساتھ رابطے کو مزید مستحکم کرکے ان کے مسائل کو حل کرنے میں اپنا رول ادا کریں۔

پارٹی ہیڈکوارٹر پر آج ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ہر شعبے میں لوگوں کی راحت رسانی کیلئے کام کررہی ہے۔

دریں اثنا نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے انتظامیہ پر زور دیا ہے کہ وہ عرس مبارک حضرت سلطان سید محمد علی عالی بلخی رحمتہ اللہ علیہ کے سلسلے میں پکھر پورہ میں زائرین کیلئے تمام تر سہولیات دستیاب رکھیں۔

جے ڈی یو

پردیش جنتا دل یونائیٹڈ کے صدر جی ایم شاہین نے جموں وکشمیر کے اکثر علاقوں میں سڑکوں کی خستہ حالت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی فوری تجدید و مرمت کا مطالبہ کیا ہے۔

انہوں نے موجودہ سیزن ہاتھ سے نکلنے سے پہلے ہی سڑکوں پر تارکول بچھانے پر زور دیا ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES اوٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

مرکزی کابینہ

وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں آج مرکزی کابینہ کی میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران **13** ہزار **41** کروڑ روپے کی لاگت والے پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ ان پروجیکٹوں میں **4** ریلوے پروجیکٹ اور ایک ہائی وے پروجیکٹ شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان پروجیکٹوں کی بدولت بھارتی ریلوے نیٹ ورک میں **410** کلو میٹر کا اضافہ ہوگا۔

اشونی ویشنو

اسی دوران وزیرموصوف نے کہا ہے کہ بھارتی معیشت کی ترقی اب عالمی سطح پر تسلیم کی جارہی ہے اور ملک اب **6** سے **8** فیصد کی شرح سے ترقی کر رہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ ترقی کی یہ داستان چار کلیدی ستونوں پر مشتمل ہے، جن میں سماجی شعبے میں سرمایہ کاری، ڈیجیٹل اور فزیکل بنیادی ڈھانچہ، شمولیاتی ترقی اور مال سازی پر توجہ مرکوز کرنا شامل ہے۔ نئی دلی میں آج اُتر پردیش۔ جاپان سرمایہ کاری سمٹ **2026** سے خطاب کرتے ہوئے اشونی ویشنو نے کہا کہ سرمایہ کاری ملک کے ترقیاتی سفر میں کلیدی اہمیت کی حامل ہے۔

**....... Ashwini Vaishnaw .......**

## عید میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں جاری ایام متبرکہ کے دوران وادی کے مختلف مقامات پر بابرکت اور روح پرور مجالس کا اہتمام ہو رہا ہے۔اس دوران پیغمبر آخر الزماں ﷺ کی ولادت باسعادت اور سیرت پاک کے کئی گوشوں پر وعظ و تبلیغ کئے جانے کے علاوہ ان کے حضور درود وسلام کے نذرانے بھی پیش کئے جا رہے ہیں۔ عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید 12 ربیع الاول 26 اگست کو منائی جائے گی۔

## جمعیت ہمدانیہ

دریں اثناء عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں کل خانقاہِ معلیٰ سرینگر میں ایک دینی مجلس کا اہتمام کیا جا رہا ہے، جہاں نماز ظہر سے قبل جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولانا ریاض احمد ہمدانی وعظ و تبلیغ فرمائیں گے۔اس کے بعد ختمات المعظمات، درود واذکار اور اورادخوانی کی مجلس آراستہ ہوگی۔

## این آئی ٹی

پروفیسر انوراگ مسرا نے آج نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگر کے ڈائریکٹر کا چارج سنبھالا۔ NIT پہنچنے پر سابق ڈائریکٹر پروفیسر بنود کمار کنوجیا اور دیگر فیکلٹی ارکان نے ان کا والہانہ استقبال کیا۔ پروفیسر مسرا نے اس موقعہ پر NIT سرینگر کو معیار کی بلندیوں تک لے جانے کا عزم دہرایا۔

## سریکلچر

محکمہ سریکلچر کے اہتمام سے آج سریکلچر کمپلیکس سرینگر میں سپرنگ سلک کوکون آکشن مارکیٹ شروع ہوا جس کا افتتاح ڈائریکٹر سریکلچر کشمیر اعجاز احمد بٹ نے کیا۔

اس مارکیٹ میں وادی کے مختلف ضلعوں کے غنچہ ابریشم تیار کرنے والے کرم کش اور ملک کی مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والے خریدار شرکت کر رہے ہیں۔آکشن مارکیٹ کی افادیت کے بارے میں ڈائریکٹر موصوف نے ہمارے نمائندے محمود احمد خان سے بات کرتے ہوئے کہا۔

**....... Aijaz Bhat .......**

ڈی سیز

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آج ضلع کے بوٹینگو علاقے میں ایک آدھار سیوا کیندر کا افتتاح کیا۔انہوں نے عوامی خدمات کو آسانی کے ساتھ ڈیلیور کرنے کیلئے مرکز کے بلا خلل کام کاج کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ضلع انتظامیہ شوپیان نے ضلع کے کسانوں سے کہا ہے کہ وہ منفرد شناخت جنریٹ کرنے کیلئے ایگری سٹیک رجسٹریشن جلد سے جلد کرائیں۔جموں وکشمیر لیک کنزرویشن منیجمنٹ اتھارٹی کے وائس چیئرمین خورشید احمد شاہ نے آج جھیل ڈل کے کئی حصوں کا دورہ کرکے وہاں صفائی ستھرائی کے جاری کام اور جھیل کو تحفظ دینے سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا۔

پولیس

بڈگام پولیس نے **2** منشیات سمگلروں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے نشیلی اشیا کی کچھ مقدار برآمد کی ہے۔اس دوران شوپیان پولیس نے کھانڈے محلہ کیلر کے ارشاد احمد کھانڈے نامی ایک سمگلر کو **NDPS** ایکٹ کے تحت گرفتار کرکے جیل بھیج دیا۔گاندربل پولیس نے محکمہ ایکسائز کے ساتھ ایک مشترکہ مہم چلا کر ضلعے کے کئی علاقوں میں خودرو بھنگ کی بڑی مقدار کو تباہ کیا ہے۔

ادھر پلوامہ پولیس نے ایک اہم پیش رفت کے تحت چوری شدہ **41** بھیڑوں کو بازیاب کرکے **2** افراد کو گرفتار کرنے کے علاوہ ایک گاڑی کو بھی ضبط کیا ہے۔دریں اثنا شوپیان پولیس نے معدنیات کی غیر قانونی کان کنی میں ملوث **5** گاڑیوں کو ضبط کرکے دو ایف آئی آر درکئے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **31.6** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **21.4** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **27.4** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23.4** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **56** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **12** منٹ پر ہوگا۔

آخر میں خبروں کا خلاصہ ایک بار پھر

✓ [۱]۔۔۔۔۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا بھارتی یونیورسٹیوں پر تحقیق، اختراعیت اور کارخانہ داری کی طرف توجہ مرکوز کرنے پر زور۔

✓ [۲]۔۔۔۔۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا شہر سرینگر کے مختلف علاقوں کا دورہ// ترقیاتی منظرنامے کا لیا تفصیلی جائزہ۔

✓ [۳]۔۔۔۔۔ بھارت میں امریکہ کے سفیر **Sergio Gor** جموں کشمیر کے دورے پر پہنچے سرینگر

اور

✓ [۴]۔۔۔۔۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں مرکزی کابینہ کی میٹنگ منعقد۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔